اعلیٰ حضرت مجدِّدِ دین وملّت الشاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسمّٰی بنام تاریخی

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

اَلْمَلْفُوظ

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

(حصہ اوّل)

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ

مؤلف

شہزادۂ اعلیٰحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیٔ اعظم ہند

حضرت علامہ مولانا محمد مصطفٰے رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

(شعبہ کُتُب اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ)

ناشر

مکتبۃُ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

وَ سَلَّمَ " میں تمہارے کہنے سے کہتا ہوں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ میں نے اسے دفع کیا۔ اخیر فقرہ یہ تھا کہ ہمارا ''رُخصتانہ (یعنی رُخصتی کا انعام)'' دو۔ میں نے شہر کے دو ایک وہابیوں کا پتہ بتا دیا کہ اُن کے پاس جا یہاں تیرے لئے کچھ نہیں۔ بالآخر وہ خائب و خاسر (یعنی ناکام و نامُراد) دفع ہوا۔ میں نے اپنے دل کو شاباش دی کہ تُو نے ہی ٹھیک کہا تھا، بے شک اس شیطان کیلئے قیام ناجائز تھا۔

اعلیٰ حضرت اور ایک رافضی

ایک دفعہ علی گڑھ سے ایک شخص اپنا بیگ وغیرہ لئے آیا۔ اُس کی صورت دیکھ کر میرے قلب نے کہا: ''یہ **رافضی** ہے۔'' دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ واقعی رافضی ہے۔ کہا: ''مَیں اپنے مکان کو لکھنوٴ جاتا تھا، راستے میں صرف آپ کی زیارت کے لئے اُتر پڑا ہوں، کیا آپ اہلِ سُنّت میں اَیسے ہی ہیں جیسے ہمارے یہاں مجتہدین؟ میں نے اِلتفات نہ کیا (یعنی اُس پر توجہ نہ دی)۔ غرض وہ رافضی اپنی طرف مجھے مخاطب کرتا تھا اور میں دوسری طرف منہ پھیر لیتا تھا۔ آخر اُٹھ کر چلا گیا۔ اُس کے جانے کے بعد ایک صاحب شاکی (یعنی شکایت گزار) بھی ہوئے کہ وہ اتنی مسافت طے کر کے آیا اور آپ نے قطعی اِلتفات نہ فرمایا۔ میں نے یہی روایت (امیر المؤمنین فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کہ جس وقت آپ کو معلوم ہوا کہ یہ بدمذہب ہے فوراً کھانا سامنے سے اُٹھوا لیا اور اسے نِکلوا دیا) بیان کی کہ ہمارے ائمہ نے ان لوگوں کے ساتھ ہمیں یہ تہذیب بتائی ہے۔ اب بھلا وہ کیا کہہ سکتے تھے؟ خاموش ہو گئے۔

دُشمنِ احمد پہ شدّت کیجئے

مسلمانو! ذرا اِدھر خدا اور رسول (عَزَّوَجَلَّ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) کی طرف متوجہ ہو کر ایمان کے دِل پر ہاتھ رکھ کر دیکھو۔ اگر کچھ لوگ تمہارے ماں باپ کو رات دن بلا وجہ محض فحش مُغلَّظہ (یعنی گندی گندی) گالیاں دینا اپنا شیوہ کرلیں بلکہ اپنا دین ٹھہرالیں، کیا تم ان سے **بکشادہ پیشانی** ملو گے؟ حاشا! **ہرگز نہیں**۔ اگر تم میں نام کو غیرت باقی ہے، اگر تم میں اِنسانیت باقی ہے اگر تم ماں کو ماں سمجھتے ہو، اگر تم اپنے باپ سے پیدا ہو تو اُنہیں دیکھ کر تمہارے دل **بھر** جائیں گے، تمہاری آنکھوں میں **خُون اُترے** گا، تم ان کی طرف نگاہ اٹھانا گوارانہ کرو گے۔ لِلّٰہ انصاف! صدیقِ اکبر و فاروقِ اعظم (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) زائد یا تمہارے باپ؟ اُمُّ المؤمنین عائشہ صدیقہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) زائد یا تمہاری ماں؟ ہم صدیق و فاروق (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے ادنیٰ غلام ہیں اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہ اُمُّ المؤمنین (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے بیٹے کہلاتے ہیں، اُن کو گالیاں دینے والوں سے اگر یہ **برتاؤ** نہ برتیں جو تم اپنی ماں بلکہ اپنے آپ کو گالیاں دینے والوں سے برتتے ہو تو ہم نہایت **نمک حرام غلام** اور حد بھر کے بُرے ناخلف (یعنی نااہل) بیٹے ہیں۔ ایمان کا تقاضا یہ ہے، آگے تم جانو اور تمہارا کام۔ نیچری تہذیب کے مدعیوں کو ہم نے دیکھا ہے کہ ذرا کوئی کلمہ اُن کی شان کے خلاف کہا اُن کا تھوک اُڑنے لگتا ہے، آنکھیں لال ہوجاتی ہیں، گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں، اس وقت وہ مجنون تہذیب بکھری پھرتی ہے۔ وجہ کیا ہے کہ **اللّٰہ** و رسول و معظمانِ دین (عَزَّوَجَلَّ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم و رضی اللہ تعالیٰ عنہم) سے اپنی **وقعت** دل میں زیادہ ہے۔ ایسی ناپاک تہذیب اُنہیں کو مبارک، فرزندانِ اسلام اس پر لعنت بھیجتے ہیں۔ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نے مسجدِ نبوی (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) سے بدمذہبوں کو نام لے لے کر اُٹھا دیا۔

ایک مرتبہ فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نمازِ جمعہ میں دیر ہوگئی، راستے میں دیکھا کہ چند لوگ مسجد سے لَوٹے ہوئے آرہے تھے۔ آپ اس ندامت کی وجہ سے کہ ابھی میں نے نماز نہیں پڑھی ہے، چھپ گئے اور وہ اس ذلت کی وجہ سے جو مسجد شریف سے نکال دینے میں ہوئی تھی، الگ چُھپ کر نکل گئے۔

(تفسیر طبری سورة التوبة تحت الأية ١٠١، ج٦، ص٤٥٧)

ربُّ العزت تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ (پ١٠، التوبة:٧٣)

ترجمۂ کنزالایمان: اے غیب کی خبریں دینے والے (نبی) جہاد فرماؤ کافروں اور منافقوں پر اور ان پر سختی کرو۔

اور فرماتا ہے عَزَّوَجَلَّ؛

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِؕ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ (پ٢٦، الفتح:٢٩)

ترجمۂ کنزالایمان: محمد اللہ کے رسول ہیں، اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل۔

اور فرماتا ہے جل وعلا:

وَلْیَجِدُوْا فِیْكُمْ غِلْظَةًؕ (پ١١، التوبة:١٢٣)

ترجمۂ کنزالایمان: اور چاہیئے کہ وہ تم میں سختی پائیں،

تو ثابت ہوا کہ کافروں پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سختی فرماتے تھے۔